DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

WEDNESDAY, AUGUST 27, 2025

جلد نمبر 31 | بدھ 2 ربیع الاوّل 1447ھ 27 اگست 2025ء 12 بھادوں 2082ب | شمارہ 175

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 8 قیمت 35 روپے

# وفاقی محتسب کا ڈی چوک میں گاڑیوں کی لمبی قطار کا نوٹس

## سیکرٹری ٹرانسپورٹ، کمشنر و ڈپٹی کمشنر، ڈی جی تحفظ ماحولیات جمعہ کو طلب

## متعدد شکایات ملنے پر کارروائی، ثاقب خان کو انویسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا گیا

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ کے لیے لگی لمبی قطاروں کا نوٹس لے لیا ہے۔ انہوں نے سیکرٹری ٹرانسپورٹ، کمشنر، ڈپٹی کمشنر، اور ڈی جی تحفظ ماحولیات کو 29 اگست کو طلب کیا ہے۔ محتسب نے اس انتہائی حساس ریڈ زون میں گاڑیوں کی کلیئرنس کا پوائنٹ قائم کرنے پر سوال اٹھایا ہے۔ انہوں نے یہ بھی پوچھا ہے کہ کیا چیکنگ کے لیے صرف ایک ہی جگہ ہے؟ اس کے علاوہ انہوں نے آگاہی مہم نہ چلانے، بزرگ شہریوں اور خواتین کے لیے الگ پوائنٹ نہ ہونے، اور مہم کی مدت اور فیس جیسی تفصیلات نہ بتانے پر بھی تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی محتسب نے متعدد شکایات ملنے کے بعد یہ کارروائی کی ہے اور محمد ثاقب خان کو اس معاملے کی تحقیقات کے لیے انویسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا ہے۔

www.express.com.pk
DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
WEDNESDAY, AUGUST 27, 2025
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد25 شمارہ88 | بدھ، 2 ربیع الاول، 27 اگست 2025ء، صفحات 10 قیمت 40 روپے

# وفاقی محتسب کا ڈی چوک میں گاڑیوں کی لمبی قطار کا نوٹس

## سیکرٹری ٹرانسپورٹ، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، ڈی جی ماحولیات طلب

## ریڈ زون کو گاڑیوں کی کلیئرنس کیلئے منتخب کیوں کیا گیا؟: اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے تحفظ ماحولیات کی طرف سے گاڑیوں کی چیکنگ کیلئے اسلام آباد کے ڈی چوک میں پچھلے ڈیڑھ ماہ سے لمبی قطار کا نوٹس لیتے سیکرٹری ٹرانسپورٹ، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، ڈائریکٹر جنرل تحفظ ماحولیات کو 29 اگست کو طلب کر لیا ہے۔

وفاقی محتسب نے استفسار کیا ہے کہ ریڈ زون کو گاڑیوں کی کلیئرنس کیلئے منتخب کیوں کیا گیا؟۔ گاڑیوں کی چیکنگ، سٹکرز لگانے کیلئے صرف ایک ہی پوائنٹ ہے یا کہیں اور بھی ایسی چیکنگ ہو رہی ہے۔ عوام کی آگاہی کیلئے پرنٹ، الیکٹرانک یا سوشل میڈیا پر آگاہی مہم چلائی گئی یا (باقی صفحہ 5 نمبر 36)

36 وفاقی محتسب

نہیں۔ کیا بزرگ شہریوں اور خواتین کیلئے الگ پوائنٹ بنایا گیا، کس ماڈل اور مینوفیکچرنگ سال تک کی گاڑیوں کیلئے کلیئرنس ضروری ہے اور یہ مہم کب تک جاری رہے گی، اس کے بعد کتنی فیس ہوگی۔ محکمہ ماحولیات کی طرف سے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیئرنس کیلئے کئی ہفتوں سے چیکنگ جاری ہے، لمبی قطاریں لگی رہتی ہیں۔ وفاقی محتسب نے متعدد شکایات پر صورت حال کا نوٹس لیتے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے رجسٹرار ثاقب خان کو انویسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا ہے جنہوں نے تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان کو جمعہ 29 اگست کو سماعت کیلئے طلب کر لیا ہے۔

www.jang.com.pk ★★★★★★★★★
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
LOCAL EDITION WEDNESDAY AUGUST 27, 2025
THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449-5962444 فیکس 5962277
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 8 قیمت 35 روپے
جلد 67 | بدھ 2 ربیع الاول 1447ھ 27 اگست 2025ء 12 بھادوں 2082ب | نمبر 234

# ریڈ زون میں گاڑیوں کی چیکنگ، وفاقی محتسب کا نوٹس؛ متعلقہ حکام طلبی

**محکمہ ماحولیات نے اسلام آباد کے انتہائی حساس علاقے کو گاڑیوں کی چیکنگ کیلئے کیوں منتخب کیا؟ محتسب کا استفسار**

اسلام آباد (طاہر خلیل) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے تحفظ ماحولیات کی طرف سے گاڑیوں کی چیکنگ کے لئے اسلام آباد کے ڈی چوک میں پچھلے ڈیڑھ ماہ سے لمبی قطار کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ٹرانسپورٹ، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور ڈائریکٹر جنرل تحفظ ماحولیات کو جمعہ 29 اگست کو طلب کر لیا۔ وفاقی محتسب نے استفسار کیا ہے کہ اسلام آباد کے انتہائی حساس علاقے ریڈ زون کو ہی گاڑیوں کی کلیرنس کے لئے منتخب کیوں کیا گیا؟ گاڑیوں کی چیکنگ

باقی صفحہ 6 نمبر 44

**بقیہ 44 — ریڈ زون/چیکنگ**

اور اسٹکر زلگانے کے لئے صرف ایک ہی پوائنٹ ہے یا کہیں اور بھی ایسی چیکنگ ہو رہی ہے۔ عوام الناس کی آگاہی کے لئے پرنٹ، الیکٹرانک یا سوشل میڈیا پر کوئی آگاہی مہم چلائی گئی یا نہیں۔ کیا بزرگ شہریوں اور خواتین کے لئے الگ پوائنٹ بنایا گیا، کس ماڈل اور مینوفیکچرنگ سال تک کی گاڑیوں کے لئے کلیرنس ضروری ہے اور یہ مہم کب تک جاری رہے گی، اس کے بعد کتنی فیس ہوگی؟ تفصیلات کے مطابق محکمہ ماحولیات کی طرف سے اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کے لئے کئی ہفتوں سے چیکنگ جاری ہے اور روزانہ صبح سے شام تک لمبی قطاریں لگی رہتی ہیں جس سے عام شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، عوام کی اکثریت کو یہ بھی معلوم نہیں کہ اس لمبی قطار کا مقصد کیا ہے؟ وفاقی محتسب نے متعدد شکایات پر اس صورت حال کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے رجسٹرار محمد ثاقب خان کو انویسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا ہے جنہوں نے تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان کو جمعہ 29 اگست کو سماعت کے لئے طلب کر لیا۔

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆☆

★★★★★★★ اسلام آباد/راولپنڈی ملتان مظفرآباد کراچی لاہور بیک وقت شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار ☎ 2331689-90

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 | بدھ 27 اگست 2025ء، 2 ربیع الاول 1447ھ، 12 بھادوں 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 115

# وفاقی محتسب کا ڈی چوک میں گاڑیوں کی لمبی قطار کا نوٹس

## عوام کی اکثریت کو یہ بھی معلوم نہیں کہ اس لمبی قطار کا مقصد کیا ہے؟ وفاقی محتسب اعجاز قریشی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے تحفظ ماحولیات کی طرف سے گاڑیوں کی چیکنگ کے لئے اسلام آباد کے ڈی چوک میں پچھلے ڈیڑھ ماہ سے لمبی قطار کا نوٹس لیتے ہوئے، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور ڈائریکٹر جنرل تحفظ ماحولیات کو جمعہ 29 اگست کو طلب کر لیا ہے۔ وفاقی محتسب نے استفسار کیا ہے کہ اسلام آباد کے انتہائی حساس علاقے ریڈ زون کو ہی گاڑیوں کی کلیرنس کے لئے منتخب کیوں کیا گیا؟۔ گاڑیوں کی چیکنگ اور اسٹکرز لگانے کے لئے صرف ایک ہی پوائنٹ ہے یا کہیں اور بھی ایسی چیکنگ ہو رہی ہے۔ عوام الناس کی آگاہی کے لئے پرنٹ، الیکٹرانک یا سوشل میڈیا پر کوئی آگاہی مہم چلائی گئی یا نہیں۔ کیا بزرگ شہریوں اور خواتین کے لئے الگ پوائنٹ بنایا گیا، کس ماڈل اور مینوفیکچرنگ سال تک کی گاڑیوں کے لئے کلیرنس ضروری ہے اور یہ مہم کب تک جاری رہے گی، اس کے بعد کتنی فیس ہوگی وغیرہ وغیرہ۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ ماحولیات کی طرف سے اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کے لئے کئی ہفتوں سے چیکنگ جاری ہے اور روزانہ صبح سے شام تک لمبی قطاریں لگی رہتی ہیں جس سے عام شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، عوام کی اکثریت کو یہ بھی معلوم نہیں کہ اس لمبی قطار کا مقصد کیا ہے؟ وفاقی محتسب نے متعدد شکایات پر اس صورت حال کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے رجسٹرار محمد ثاقب خان کو انوسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا ہے